Class-xii Subject:-Urdu

Time: Two Hour Full Marks:40

Set:-A

---

ضروری ہدایات:۔

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(ii) سوالات کی کل تعداد 40 ہے۔

(iii) ہر ایک سوال کے لیے ایک نمبر قیمت درج ہے۔

(iv) سبھی سوالات کے جوابات کے لیے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔
ان میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

(v) غلط جواب پر کوئی نمبر نہیں کاٹا جائے گا۔

1۔ مراسلہ کو مکالمہ کس نے بنا دیا؟

(A) غالبؔ (B) اقبالؔ

(C) سرسید (D) محمد حسین آزاد

2۔ مرزا غالب کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) دہلی (B) اکبر آباد

(C) علی گڑھ (D) اعظم گڑھ

3۔ ”عود ہندی“ کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(A) اقبالؔ (B) حالیؔ

(C) غالبؔ (D) محمد حسین آزاد

4۔ سید احتشام حسین کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) علی گڑھ (B) بدایوں

(C) آگرہ (D) اعظم گڑھ

5۔ ''خوجی۔ایک مطالعہ'' ذیل میں سے کس ادیب کا ایک تنقیدی مضمون ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) سید احتشام حسین

(C) سرسید (D) رتن ناتھ سرشار

6۔ تنقیدی مضامین ''امراؤ جان ادا'' کس نے لکھی ہے؟

(A) مرزا ہادی رسوا (B) سید احتشام حسین

(C) خورشید الاسلام (D) قرۃ العین حیدر

7۔ خورشید الاسلام کی پیدائش کب ہوئی تھی؟

(A) 1915ء (B) 1916ء

(C) 1917ء (D) 1919ء

8۔ ''امراؤ جان ادا'' ذیل میں سے کس کی کہانی ہے؟

(A) نواب زادی (B) وزیر زادی

(C) طوائف (D) سنگ تراش

9۔ افسانے ''لمحے'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) راجندر سنگھ (B) بلونت سنگھ

(C) خواجہ احمد عباس (D) جیلانی بانو

10۔ قرۃ العین حیدر کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) اعظم گڑھ (B) بجنور

(C) علی گڑھ (D) جودھ پور

11۔ افسانہ ''فوٹو گرافر'' کس کی تصنیف کردہ ہے؟

(A) عصمت چغتائی (B) جیلانی بانو

(C) بیدی (D) قرۃ العین حیدر

12۔ ''اس آباد خرابے'' میں کس شاعر کی آپ بیتی درج ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی (B) اسرار الحق مجاز

(C) اختر الایمان (D) کیفی اعظمی

13۔ اختر الایمان کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) علی گڑھ (B) بجنور

(C) دہلی (D) بدایوں

14۔ حالیؔ کا اصل نام کیا ہے؟

(A) اسرار الحق (B) الطاف حسین

(C) شجاعت سندیلوی (D) اطہر حسین

15۔ حالیؔ کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) میرٹھ (B) فرید آباد

(C) پانی پت (D) گُڑگاؤں

16۔ مقدمہ شعر و شاعری کس کی تصنیف کردہ ہے؟

(A) افسر میرٹھی (B) شبلی نعمانیؔ

(C) احتشام حسین (D) حالیؔ

17۔ غزل کے لغوی معنیٰ کیا ہیں؟

(A) بچوں سے باتیں کرنا (B) مرد و عورتوں سے باتیں کرنا

(C) عورتوں سے باتیں کرنا (D) بزرگانِ دین کی باتیں کرنا

18۔ غزل کا سب سے خوبصورت شعر کیا کہلاتا ہے؟

(A) مطلع (B) مقطع

(C) قافیہ (D) بیت الغزل

19۔ جذبی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) معین احسن　　(B) احسان دانش

(C) کلیم الدین　　(D) وحید اختر

20۔ جاں نثار اختر کا اصل نام کیا ہے؟

(A) سجاد حسین　　(B) سید سجاد حسین رضوی

(C) سید جاں نثار حسین رضوی　　(D) سید اطہر حسین رضوی

21۔ ہیئت کے اعتبار سے نظم کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

(A) دو　　(B) تین

(C) چار　　(D) پانچ

22۔ نظم ''گورغریباں'' کے شاعر کون ہیں؟

(A) جاں نثار اختر　　(B) نظم طباطبائی

(C) جاوید اختر　　(D) کیفی اعظمی

23۔ ایسی نظم جس کے تمام مصرعے وزن کے لحاظ سے برابر ہوں مگر قافیہ کی پابندی نہ ہو۔ اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) نظم آزاد　　(B) نظم پابند

(C) نظم معرّا　　(D) مسدس

24۔ جاں نثار اختر کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) جودھ پور　　(B) گوالیار

(C) اعظم گڑھ　　(D) بجنور

25۔ نظم کے معنیٰ کیا ہوتے ہیں؟

(A) عشق کرنا　　(B) ہم کلام ہونا

(C) موتی پرونا　　(D) کائنات کا تصور بیان کرنا

26۔ علامہ اقبال نے کون سا پیشہ اختیار کیا تھا؟

(A) طب (B) معلم

(C) تجارت (D) وکالت

27۔ بانگِ درا کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) حالیؔ (B) اقبالؔ

(C) داغؔ (D) میرؔ

28۔ علامہ اقبال کو حکومت برطانیہ نے کون سا خطاب عطا کیا تھا؟

(A) بُلبل ہند (B) سر

(C) شمش العلماء (D) ذیل میں سے کوئی نہیں

29۔ علامہ جمیل مظہری کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) اعظم گڑھ (B) عظیم آباد

(C) علی گڑھ (D) کلکتہ

30۔ جمیل مظہری کا اصل نام کیا ہے؟

(A) سید کاظم علی (B) سید ناظم علی

(C) محمد علی (D) کیفی اعظمی

31۔ ابتدائی دور میں پریم چند کس نام سے لکھتے تھے؟

(A) پون رائے (B) نواب رائے

(C) رتن سنگھ (D) بلونت رائے

32۔ پریم چند کا اصل نام کیا ہے؟

(A) دلیپ رائے (B) نواب رائے

(C) دھنپت رائے (D) موہن رائے

33۔ 'بیوہ' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(A) افسانہ (B) ناول

(C) ڈراما (D) داستان

34۔ ''یہودی کی لڑکی'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) ڈراما (D) داستان

35۔ ڈراما کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) لاطینی (B) اطالوی

(C) جرمنی (D) یونانی

36۔ مکالمہ کس نثری صنف کا جزو ہے؟

(A) ناول (B) مثنوی

(C) ڈراما (D) داستان

37۔ نظم 'ارتقاء' کے شاعر کون ہیں؟

(A) شاد عظیم آبادی (B) شمیم حنفی

(C) جمیل مظہری (D) اختر الایمان

38۔ ''مرحوم کی یاد میں'' کس کا لکھا ہوا انشائیہ ہے؟

(A) کنہیا لال کپور (B) فرحت اللہ بیگ

(C) رشید احمد صدیقی (D) پطرس بخاری

39۔ ''آگ کا دریا'' کس کی تصنیف کردہ ہے؟

(A) عصمت چغتائی (B) قرۃ العین حیدر

(C) بانو قدسیہ (D) جیلانی بانو

40۔ مرزا نوشہ کس شاعر کا لقب ہے؟

(A) ذوقؔ (B) میرؔ

(C) آتشؔ (D) غالبؔ

Answer Key Class-XII

Sub:- Urdu

Set:-A

| | | | |
|---|---|---|---|
| 01-A | 11-D | 21-C | 31-B |
| 02-B | 12-C | 22-C | 32-C |
| 03-C | 13-B | 23-C | 33-B |
| 04-D | 14-B | 24-B | 34-C |
| 05-B | 15-C | 25-C | 35-D |
| 06-C | 16-D | 26-D | 36-C |
| 07-D | 17-C | 27-B | 37-C |
| 08-C | 18-D | 28-B | 38-D |
| 09-B | 19-A | 29-B | 39-B |
| 10-C | 20-C | 30-A | 40-D |